نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) محمد عمر شیر چٹھہ کی زیرِ صدارت لاہور میں ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد۔محکمہ زراعت کے مختلف ونگز کے 77 افسران کی ترقیاں

لاہور 11 مئی 2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) محمد عمر شیر چٹھہ کی زیرِ صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں محمد سلیم ڈپٹی سیکرٹری زراعت (ریگولیشن)،عمران ممتاز خان ڈپٹی سیکرٹری زراعت (بجٹ)،ڈائریکٹر جنرل زراعت (کراپ رپورٹنگ) پنجاب عبدالقیوم،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں ترقی پانے والے 8 زراعت (توسیع)، 10 ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد، 9 فیلڈ ونگ، 23 کراپ رپورٹنگ سروس 22 اصلاح آبپاشی، 4 پلاننگ اینڈ ایویلوایشن سیل اور 1 پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز کے افسران شامل ہیں۔اس اجلاس میں مجموعی طور پر محکمہ زراعت پنجاب کے 77 افسران کو ترقی دی گئی۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) محمد عمر شیر چٹھہ نے کہا کہ محکمہ زراعت میں افسران کی ترقیوں کا عمل جاری ہے اور اس سلسلے میں ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی (DPC) کا شیڈول کے مطابق باقاعدگی سے انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ افسران کو بمطابق سروس رولز اینڈ ریگولیشن ترقی دی جا سکے۔

☆☆☆☆